عنوان ''اُردو افسانے کے کرداروں میں نوسٹلجیا کے عناصر (۱۹۴۷ء تا ۱۹۶۰ء) کا انتخاب ہوا۔ انتخاب ذوقِ مطالعہ کے پیش نظر تھا اس لیے مقالہ نگران کی رہنمائی کے ساتھ ابواب بندی پایا تکمیل کو پہنچی۔ زیرِ مطالعہ مقالہ چار ابواب پر مشتمل ہے۔

پہلا باب ''ناسٹلجیا چند بنیادی مباحث'' اس باب میں ناسٹلجیا کیا ہے، تعریف، لغات میں اس کا مطلب مفہوم، ناول، شاعری، افسانہ جہاں جہاں وابستگی پائی جاتی ہے ان تمام کا ذکر موجود ہے۔

دوسرا باب ''اُردو افسانے میں مرد کردار اور ناسٹلجیا'' اس باب میں ۱۹۴۷ء سے ۱۹۶۰ء تک کے افسانہ نگاروں کے ہاں مرد کرداروں کا ناسٹلجیا بیان کیا گیا ہے۔

تیسرا باب ''اُردو افسانے میں نسوانی کرداروں کے ہاں ناسٹلجیا'' اس باب میں مقرر محدود دورانیہ میں موجود افسانہ نگاروں کے ہاں نسوانی کرداروں کا نوسٹلجیا بیان ہے۔

چوتھا باب ''اُردو افسانے میں مرد اور نسوانی کرداروں کے ہاں تقابلی مطالعہ'' یہ باب مرد اور عورت دونوں کے تقابل جائزہ ہے جہاں اس بات کا حاصل موجود ہے کہ کن کے ہاں زیادہ نوسٹلجیا موجود ہے۔

ماحصل میں تمام مقالے کا مجموعی جائزہ لیا گیا ہے۔